ہے:۔

"یہ کتابیں فلسطینی مستند کتابوں کے علاوہ ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ عبرانی کتب مقدسہ کا جزو نہیں ہیں۔ اگرچہ ان میں سے کچھ کی اصل زبان عبرانی ہے۔ ا۔سدوراس کی دوسری کتاب کے ماسوایہ کتابیں عہد عتیق کے یونانی ترجمہ میں موجود ہیں۔ یہ ترجمہ مصر میں یونانی بولنے والے یہودیوں کے لئے تیار کیا گیا تھا۔ بنابریں ابتدائی کلیسیا نے انہیں بائبل کی کتابیں ہی تسلیم کیا اور بہت سے قدیم مصنفین انہیں کتب مقدسہ ہی پکارتے تھے' کیونکہ ان کی بائبل یونانی بائبل تھی"۔

۴۔ پروفیسر سارنا

امریکی ریاست میسا چوسٹس کی برنیڈیز یونیورسٹی میں مطالعہ بائبل کے گولڈنگ پروفیسر اور شعبہ مطالعہ مشرق قریب اور یہودیت کے چیئرمین پروفیسر ناحوم ایم سارنا سکندریہ کے یہودیوں کی بائبل کے یونانی ترجمہ اور عبرانی کتب مقدسہ کے اختلافات کا ذکر کر کے بحث کے خاتمہ پر لکھتے ہیں:۔

"یہ امر قابل غور ہے کہ سکندریہ کے یہودیوں کے قیاسا" اصل مستند نسخہ کے مضامین اور ظاہری شکل کے بارے یقین سے کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ کیونکہ تمام موجودہ یونانی بائبلیں مسیحیوں کی تحریر کردہ ہیں۔ سکندریہ کے ۔ یہودیوں نے کتب مقدسہ کا جو مجموعہ فلسطین سے وصول کیا تھا' ممکن ہے انہوں نے ہی اس میں اضافہ کر لیا ہو یا انہوں نے یہ روایات فلسطینی حلقوں سے ورا ثتا" پائی ہوں' جہاں زائد کتابیں پہلے ہی مستند مانی جاتی تھیں۔ یہ بھی عین ممکن ہے کہ یونانی بائبل میں عبرانی کتب مقدسہ سے اضافہ مسیحیوں نے کیا ہو"۔

(انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا' مطبوعہ ۱۹۷۴ء جلد:۲' ص : ۸۸۳' کالم:۱)

ورلڈ اسلامک فورم کے مرکزی اجلاس کے فیصلے

اسلامک پوسٹل کورس- ویسٹ واچ- دوسرا سالانہ سیمینار

ورلڈ اسلامک فورم کی مرکزی کونسل کا اجلاس ۲؍اکتوبر ۹۳ء کو جامع مسجد ومبلڈن پارک لندن میں مولانا مفتی عبدالباقی کی زیر صدارت اور ورکنگ کمیٹی کا اجلاس ۹؍اکتوبر کو اسلامک سنٹر برائٹن میں مولانا زاہد الراشدی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ ان دو اجلاسوں کے فیصلے درج ذیل ہیں:

سرپرست کونسل

اجلاس میں حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر (گوجرانوالہ)، حضرت مولانا مفتی عبدالباقی (لندن) اور حضرت مولانا محمد یونس پٹیل (ڈربن جنوبی افریقہ) کو فورم کا سرپرست منتخب کیا گیا۔

ورکنگ کمیٹی

مندرجہ ذیل عہدہ داروں پر مشتمل ورکنگ کمیٹی کا انتخاب عمل میں لایا گیا:

چیئرمین	مولانا زاہد الراشدی	گوجرانوالہ
ڈپٹی چیئرمین ۱	پروفیسر عبدالجلیل ساجد	برائٹن (یو-کے)
ڈپٹی چیئرمین ۲	مولانا مفتی برکت اللہ	لندن

سیکرٹری جنرل	مولانا محمد عیسیٰ منصوری	لندن
ڈپٹی سیکرٹری جنرل	مولانا رضاء الحق	نوٹنگھم (یو۔کے)
رابطہ سیکرٹری	الحاج عبدالرحمٰن باوا	لندن
سیکرٹری اطلاعات	فیاض عادل فاروقی	لندن
سیکرٹری مالیات	الحاج غلام قادر	لندن
سیکرٹری ایجوکیشن	**الحاج افتخار احمد**	**لندن**

مرکزی کونسل

جبکہ مرکزی کونسل کے لیے ان حضرات کا چناؤ کیا گیا:

مولانا منظور احمد الحسینی (لندن)، مولانا محمد سلیم دھورات (لیسٹر)، مولانا قاری محمد عمران جہانگیری (برنلے)، مولانا ثمیر الدین قاسمی (برنلے)، مولانا قاری عبدالرشید رحمانی (لندن)، مولانا محمد اسماعیل بوٹا (لندن)، حاجی ولی آدم پٹیل (لندن)، جناب محمد اشرف خان (ساؤتھال)، مولانا محمد فاروق سلطان (کوپن ہیگن)، حافظ سید سعید احمد شاہ (ٹورانٹو)، جناب محمد اشرف (واشنگٹن)۔ کونسل کے دیگر ارکان کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

دوسرا سالانہ سیمینار

اجلاس میں طے پایا کہ ورلڈ اسلامک فورم کا دوسرا سالانہ بین الاقوامی سیمینار ۷ر اگست ۹۴ء اتوار کو اسلامک سنٹر ریجنٹ پارک لندن میں ہو گا، جس میں مختلف مکاتب فکر اور ممالک کے دانش ور میڈیا اور تعلیم کے مسائل پر اظہار خیال کریں گے، انشاء اللہ تعالیٰ۔

خط و کتابت کورسز

اجلاس میں طے پایا کہ یورپ میں مقیم مسلم نوجوانوں اور تعلیم یافتہ حضرات کے لیے اسلامی تعلیمات پر مشتمل خط و کتابت کورسز کا اجرا کیا جائے گا۔ یہ خط و کتابت کورسز انٹرنیشنل اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے شعبہ انٹرنیشنل الدعوۃ اکیڈمی کے تعاون سے چلائے جائیں گے اور اردو اور انگلش دو زبانوں میں ہوں گے۔ خط و کتابت کورسز کا یہ سلسلہ